Fig 1



Stand Up for Namaz

Start From Here

Niyyah: Before beginning Salaah, perform Wadhu or Ghusl (Which ever is required). Your clothes and place of Salaah should also be clean. Make sure your Satr is covered. Women Satr in Salaah is to cover everything except Hands, Face and Feet. A person must face the Qiblah (direction of Prayer - Makkah). Make intention quietly or in the mind for which ever Salaah you wish to perform. During Salaah keep the eyes fixed on the spot where the head will be in Sajdah (prostration) unless otherwise mentioned. Ensure the feet point towards the direction of Qiblah. Men should keep their feet a minimum of four fingers width (Posture 1) and women keep their feet toghether.

Fig 2



TAKBEER-E-TAHREEMA

Instructions:

Whilst raising both hands (Fig 2) to the height of the shoulders for women. Ensure the fingers are together and the palms face towards the Qibla. Remember to keep the eyes focused on the place of Sajdah (Prostration).

تکبیر

اَللّٰهُ اَكْبَرُ

ALLAH-O-AKBAR

Translation:

اللہ بہت بڑا ہے۔

Allah is the Greatest

- BOLD READ
- GUNNAH
- QALQLA
- MAKE IKHFA

Fig 3



QIYAAM

Woman should place three hands [Fig 3] over the chest with the right hand palm over the back of the lest hand, keeping the fingers and thumb together. But make sure you do not make a ring round the wrist like men.

ثناء

Recitation:

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ

پاک ہے تو اے اللہ میں تیری حمد کرتا ہوں اور تیرا نام برکت والا ہے

Allah Glory be to you O Allah! and Praise be to you: Blessed is your name

وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُکَ ط

اور تیری شان بہت بُلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

and Exalted is your Majesty, and there is none worthy besides you.



QIYAAM

Whilst remaining standing recite Ta'awwuz and Tasmiyah Silently.

تعوذ

Recitation:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے

I seek refuge in Allah from the rejected Satan.

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

In the name of Allah, the most beneficent, most merciful

Then recite Surah-e-Fatihah now.

سورۃ فاتحہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہاں کا پروردگار ہے   بڑا مہربان نہایت رحم والا

Praise to be Allah, Lord of the worlds.The Beneficent,the Merciful.



مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

قیامت کے دن کا مالک ہے (اے اللہ) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔

Master of the Day of judgement.Thee alone we worship and toThee alonewe turn for help.

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

ہم کو سیدھے راستے پر چلا   اُن لوگوں کا راستہ جن پر تُو نے انعام کیا

Guide us to the Straight Path.The path of those whom youfavoured,

عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ آمِيْنَ

نہ کہ اُن لوگوں کا راستہ جو (تیرے) غضب میں مبتلا ہوئے اور نہ گمراہوں کا۔   آمین

Not of those who earned Your anger, nor of those who went astray.

QIYAAM



Then recite any Surah, or a minimum of three short Aayats or one long Aayah.

Note: A Surah is read following Surah Fatihah in all units of any Sunnah and Nafl Salaah. It is only required in the First Two units of ANY Fard Salaah, i.e. in the Third and Fourth units only Surah Fatihah is recited.

Note: The Surahs read after Surah Fatihah should be read in proper sequence as in the Qur'aan in assending order, with the next Surah smaller than the previous.

سورۃ اخلاص

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢

کہہ وہ اللہ ایک ہے   اللہ بے نیاز ہے

Say: He is Allah, the One! Allah, the eternally Besought of all !

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝٣ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤

نہ اس نے (کسی کو) جنا اور نہ وہ (کسی سے) جنا گیا   اور کوئی بھی اس کا ہمسر نہیں ہے۔

And there is nonecomparable unto Him. He begetteth not,Not is He begotten;

Fig 5

QAUMAH



Instructions:

Qaumah is to stand up from Ruku and return to the Qiyaam position keeping your arms straight by your side [Fig 5]. Whilst standing up from Ruku recite **TASMEE**. And when stood up recite **TAMHEED**.

تسمیع سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ حَمِدَہٗ تحمید رَبَّنَا لَکَ الۡحَمۡدُ ؕ

اللہ نے اس کی سن لی جس نے اس کی تعریف کی۔ اے ہمارے پروردگار سب تعریف تیرے ہی لئے ہے

Allah hears all those who praise Him. Our Lord! All praise be to Thee.

Recitation: اَللّٰہُ اَکۡبَرُ

اللہ بہت بڑا ہے۔

Allah is the Greatest

And move to next position

RUKU

Fig 4



Instructions:

Ruku (Bowing Down): Women should only bend over sufficiently so that the fingers can touch the knees with the fingers kept together. The knees should be bent and the back should not be straight like a man. Also ensuring the elbows touch the sides of the body. Women should focus theirs eyes towards the toes.

Say "Allah-o-Akbar" اَللّٰہُ اَکۡبَرُ

اللہ بہت بڑا ہے۔

Allah is the Greatest

In Ruku recite three times:

سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ ؕ

پاک ہے میرا پروردگار عظمت والا

Allah is the Greatest.Glory to my Lord,

SAJJDAH

Instructions:

Sujood (prostration): Then go into prostration in order of; starting by lowering the knees to the ground (trying to keep the back straight but unlike men the women may bend their back going into Sajdah, then the palms of both hands, then nose and finally forehead. Focus the eyes towards the nose. Women must ensure that they keep all limbs close together and close to the ground, including the arms, elbows, bottom and feet. Both feet should point out to the right and point the toes towards the Qiblah.


Fig 6

سجدہ

Recite 3 Times in "Sajdah" → سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ط


پاک ہے میرا پروردگار بہت بلند۔

Glory to my Lord, the Highest.



TASHAHHUD

Fig 7



Get up from the floor reciting the **TAKBEER** in order of forehead first, nose and then hands. Sit upright (Jalsa) and place the palms on the lower thigh but not on the knees. Women should sit resting on the floor with feet pointing out to the right. In Qa'dah set your eyes between the front of your hands in your lap.
Rest for a moment, then say "**Allahu Akbar**" and prostrate again for a second time reciting "**TASBEEH**"

Say "Allah-o-Akbar" اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ بہت بڑا ہے۔

Allah is the Greatest


سجدہ


Recite 3 Times in "Sajdah"

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ط

پاک ہے میرا پروردگار بہت بلند۔

Glory to my Lord, the Highest.





QUOOD Instructions:

Get up from second Sajdah and stand up back to the Qiyaam position.

This completes one Rak'aah (unit) of prayer. The second Rak'aah is performed in the same way but do not recite Thanaa and Ta'awwuz, Start from Tasmiyah.

At-Tashahhud: In the second Rak'aah after the second prostration remain seated (Qa'dah), as the above illustrations and recite quietly.

تشہد

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

تمام قولی عبادتیں اور تمام فعلی عبادتیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ ہی کے لئے ہیں سلام ہو تم پر

All prayers and worship through words, actions and sanctity are due to Allah only. Peace be Upon you,

اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ

اے نبی (ﷺ) اور اللہ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں   سلام ہے ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر

O Prophet (ﷺ)

and the Mercy of Allah and His Blessings. Peace be on us and those who are righteous servants of Allah.

Instructions: Whilst reciting "**At-Tashahhud**" when the words "Ash-hadu al-laa ilaaha" are recited, use the right hand to form a circle with the middle finger and the thumb and raise the index finger high enough for it to face the Qiblah. Drop the finger back down again after reciting "al-laa ilaaha" (than Allah).

If you are performing three Rak'aahs (Maghrib) or four Rak'aahs (Zuhr, Asr, Isha), then stand up after Tashahhud.



اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (ﷺ) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

I bear witness that Muhammad is His Servant and messenger.

دُرود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى

الٰہی حضرت محمد (ﷺ) پر اور حضرت محمد (ﷺ) کی آل پر صلوٰۃ بھیج جس طرح تُو نے صلوٰۃ بھیجی حضرت ابراھیم (علیہ السّلام) اور

O Allah shower Thy Blessings on Muhammad (ﷺ) and the descendants of Muhammad (ﷺ) as Thou did shower Thy Blessings on Ibrahim (علیہ السلام)

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ


حضرت ابراھیم (علیہ السّلام) کی آل پر بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ الٰہی برکت دے حضرت محمد (ﷺ) کو اور حضرت محمد (ﷺ)

and the descendants of Ibrahim (علیہ السلام) Thou art the Praiseworthy, the Glorious. O Allah, Glorify Muhammad (ﷺ) and the descendants

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ○

کی آل کو جس طرح تُو نے برکت دی حضرت ابراھیم (علیہ السّلام) کو اور حضرت ابراھیم (علیہ السّلام) کی آل کو بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

(صلی اللہ علیہ وسلم)
of Muhammad as Thou did GlorifyIbrahim and the descendants of Ibrahim Thou art the Praiseworthy, the Glorious.







Instructions: Following the Durood, recite any of these or any other Sunnah Duaa's.

دُعا

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ○

اے میرے پروردگار مجھ کو نماز کا پابند بنا دے اور میری اولاد کو بھی اور ہمارے پروردگار میری دُعا قبول فرما

O Lord! Make me one who establishes regular Prayer and also (raise such) among my offspring, O our Lord! and accept thou my Prayer.

رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ○

اے ہمارے پروردگار مجھ کو میرے ماں باپ کو اور سارے مسلمانوں کو بخش دے اس روز جبکہ (عملوں کا) حساب ہونے لگے۔

O Lord! cover (us) with Thy forgiveness - me, my parents and all believers on the Day that the Reckoning will be established.

Fig 8

SALAAM

Salaam: Now turn your face to look at your right shoulder whilst saying [Fig 6]. After Salaah, it if of great blessing to make Du'aa (Asking for your needs). To lift up your hands to make Du'aa is loved by Almighty Allah, and is also Sunnah.

سلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُاللّٰهِ ط

تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت۔

Peace be on you and Allah's Mercy.

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُاللّٰهِ ط

تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت۔

Peace be on you and Allah's Mercy.





Keep visit for more Tajweedi Material
www.islamicclasses.com

THE END

خواتین کی نماز کا عملی طریقہ




تکبیر تحریمہ میں ہاتھ اٹھانے کا طریقہ




قیام میں پاؤں رکھنے کا طریقہ




قیام میں ہاتھ باندھنے کا طریقہ



رکوع کا طریقہ



سجدے میں ہاتھ اور پاؤں رکھنے کا طریقہ



قعدہ میں پاؤں بچھانے اور اشارے کا طریقہ

فرائض نماز:

حکم اگر ان میں سے کوئی چیز بھی جان کر یا بھول کر رہ جائے تو نماز نہ ہوگی دوبارہ پڑھنا فرض ہوگا۔

نماز کے تیرہ فرض ہیں جن میں سے چند ایسے ہیں کہ جن کا نماز سے پہلے ادا کرنا ضروری ہے اور ان کو شرائط نماز کہا جاتا ہے اور چند کا نماز میں ادا کرنا ضروری ہے، اُن کو ارکان نماز کہا جاتا ہے۔

شرائط نماز:

(۱) بدن کا پاک ہونا۔ (۲) کپڑوں کا پاک ہونا۔ (۳) ستر کا ڈھانکنا (یعنی مردوں کو ناف سے گھٹنوں تک اور عورتوں کو چہرے اور ہتھیلیوں اور قدموں کے علاوہ تمام بدن)۔ (۴) نماز کی جگہ کا پاک ہونا۔ (۵) نماز کا وقت ہونا۔
(۶) قبلہ کی طرف رُخ کرنا۔ (۷) نماز کی نیت کرنا۔

ارکان نماز:

(۸) تکبیر تحریمہ۔ (۹) قیام یعنی کھڑا ہونا۔ (۱۰) قرأت یعنی ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیتیں یا ایک چھوٹی سورت پڑھنا۔ (۱۱) رکوع کرنا۔ (۱۲) سجدہ کرنا۔ (۱۳) قعدہ اخیرہ۔

واجبات نماز:

حکم اگر ان میں سے کوئی چیز بھی جان کر چھوڑ دے تو نماز نہ ہوگی اور اگر بھول جائے تو سجدہ سہو سے نماز ٹھیک ہو جائیگی۔

(۱) الحمد پڑھنا۔ (۲) اس کیساتھ کوئی سورت ملانا۔ (۳) فرضوں کی پہلی دو رکعتوں میں قرأت کرنا۔ (۴) الحمد کو سورت سے پہلے پڑھنا۔ (۵) رکوع کر کے سیدھا کھڑا ہونا۔ (۶) دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنا۔ (۷) پہلا قعدہ کرنا۔
(۸) التحیات پڑھنا۔ (۹) لفظ سلام سے نماز ختم کرنا۔ (۱۰) وتر میں دعائے قنوت پڑھنا۔ (۱۱) دعائے قنوت سے پہلے تکبیر کہنا۔ (۱۲) تمام ارکان کو ترتیب اور اطمینان سے ادا کرنا۔

مفسداتِ نماز:

حکم اگر ان میں سے کوئی ایک بھی پایا جائے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔

(۱) بات کرنا خواہ تھوڑی ہو خواہ بہت قصداً ہو یا بھول کر۔ (۲) سلام کرنا یا سلام کا جواب دینا۔ (۳) چھینک کے جواب میں یرحمك الله کہنا۔ (۴) رنج کی خبر سن کر انا لله و انا اليه راجعون پورا یا تھوڑا سا پڑھنا یا اچھی خبر سن کر الحمد لله کہنا یا عجیب خبر سن کر سبحان الله کہنا۔ (۵) درد یا مصیبت کی وجہ سے اس طرح آواز نکالنا کہ حروف پیدا جائیں جیسے آہ، اوہ یا اُف۔ (۶) اپنے امام کے سوا کسی دوسرے کو لقمہ دینا۔ (۷) قرآن شریف دیکھ کر نماز میں پڑھنا۔
(۸) پڑھنے میں ایسی غلطی کرنا جس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ (۹) عمل کثیر یعنی ایسا کام کرنا جس سے دیکھنے والا یہ سمجھے کہ یہ شخص نماز نہیں پڑھ رہا ہے یا ایک ساتھ دونوں ہاتھوں سے کوئی کام کرنا۔ (۱۰) قصداً یا بھول کر کچھ کھانا پینا۔ (۱۱) قبلہ سے سینہ کا پھر جانا۔ (۱۲) نماز میں ایسی آواز سے ہنسنا جسے کم از کم خود سن لے۔ (۱۳) امام سے آگے بڑھ جانا۔

خواتین کی نماز دلائل کی روشنی میں

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابن حجر جب تم نماز پڑھو تو کانوں کے برابر ہاتھ اٹھاؤ اور عورت اپنے ہاتھوں کو چھاتی کے برابر اٹھائے۔ (مجمع الزوائد ص ۱۰۳ ج ۲)

استاذ العلماء حضرت مولانا عبدالحئی لکھنوی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں ''عورتوں کے متعلق سب کا اتفاق ہے کہ ان کے لئے سنت سینے پر ہاتھ رکھنا ہے۔'' (السعایہ ج ۲ ص ۱۵٦)

امام ابوالحسن علی بن ابوبکر رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''اور عورت اپنے دونوں ہاتھ اپنے مونڈھوں تک اٹھائے یہی صحیح ہے کیونکہ یہ طریقہ اس کے لئے زیادہ پردہ کا ہے۔'' نیز آگے چل کر فرماتے ہیں ''اور عورت اپنے سجدہ میں پست رہے اور اپنے پیٹ کو رانوں سے ملائے کیونکہ یہ اس کے لئے زیادہ پردہ کا باعث ہے''۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت جب نماز میں بیٹھے تو ایک ران دوسری ران پر رکھے اور جب سجدہ کرے تو اپنا پیٹ اپنی رانوں کے ساتھ ملالے جو زیادہ ستر کی حالت ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے دیکھ کر فرماتے ہیں ''اے فرشتو! گواہ ہو جاؤ میں نے اس عورت کو بخش دیا۔'' (بیهقی ج ۲ ص ۲۲۳)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مردوں کو حکم دیا کرتے تھے کہ خوب کھل کر سجدہ کریں اور عورتوں کو حکم دیا کرتے تھے خوب سمٹ کر سجدہ کیا کریں۔ (بیهقی ج ۲ ص ۲۲۲)

آخری خلیفہ راشد حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرمایا کرتے تھے کہ جب عورت سجدہ کرے تو خوب سمٹ کر سجدہ کرے اور اپنی رانوں کو ملالے۔

جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے عورت کی نماز کے بارے میں سوال ہوا تو فرمایا خوب اکٹھی ہو کر اور سمٹ کر نماز پڑھے۔ (ابن ابی شیبہ ج ۱ ص ۳۰۲)

دور صحابہ رضی اللہ اجمعین، تابعین رحمہ اللہ اجمعین، تبع تابعین رحمہ اللہ اجمعین میں سے کسی نے اس پر انکار نہیں فرمایا اور ائمہ اربعہ کا بھی اس پر اجماع ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ عورتیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کس طرح نماز پڑھتی تھیں؟ فرمایا کہ پہلے چوکڑی بیٹھتی تھیں پھر ان کو حکم دیا گیا کہ خوب سمٹ کر بیٹھا کریں۔ (جامع المسانید امام اعظم ج ۱ ص ۴۰۰)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مردوں کو حکم دیا کرتے تھے کہ تشہد میں دایاں پاؤں کھڑا رکھیں اور بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھا کریں اور عورتوں کو حکم دیا کرتے تھے کہ سمٹ کر بیٹھیں۔ (بیهقی ج ۲ ص ۲۲۲)